تعارف و تبصرہ

مدیر کے قلم سے

صحیفۂ اہل حق

افادات شیخ الحدیث مولانا عبدالحق رح
ترتیب و تصنیف مولانا عبدالقیوم حقانی
کتابت و طباعت معیاری
صفحات ۴۰۶ قیمت مجلد -/۵۰ روپے
ناشر مؤتمر المصنفین دارالعلوم حقانیہ
اکوڑہ خٹک، ضلع پشاور

شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحق نوراللہ مرقدہ کا شمار ہمارے دور کے ان جلیل القدر بزرگوں میں ہوتا ہے جنہیں اللہ تعالیٰ نے اسلام کی تبلیغ و اشاعت اور دینی علوم کی ترویج کے میدان میں افادۂ عام کا ذریعہ بنایا اور ملت اسلامیہ کے ایک بڑے حصے نے ان سے استفادہ کیا۔ حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ کا اٹھنا بیٹھنا اور اوڑھنا بچھونا ہی تعلیم و تبلیغ اور دعوت و ارشاد تھا اور ان کی عام اور نجی مجلسیں بھی علمی استفادہ سے بھرپور ہوتی تھیں۔ مولانا عبدالقیوم حقانی نے اپنے شفیق استاذ کی ایسی ہی مجلسوں کے افادات کا احاطہ کرنے کی کامیاب کوشش کی ہے اور "صحیفۂ اہل حق" کے نام سے حضرت مولانا عبدالحق رحمہ اللہ تعالیٰ کے متنوع ارشادات و توضیحات حسن ترتیب کے ساتھ جمع کر کے علوم و معارف کا ایک حسین گلدستہ بنا دیا ہے اللہ تعالیٰ انہیں جزائے خیر دیں اور علماء اور طلباء کو ان کی اس محنت سے فیض یاب ہونے کی توفیق بخشیں آمین یا الٰہ العالمین۔

کشمیر بارہ کروڑ انسانوں کی زندگی اور موت کا مسئلہ

تحریر ریٹائرڈ بریگیڈیر محمد شفیع خان
ناشر کشمیر سٹڈیز سنٹر لاہور
صفحات ۲۴ قیمت دس روپے
ملنے کا پتہ انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز
بلاک ۱۹ مرکز الف سیون اسلام آباد

کشمیر کا مسئلہ ۴۷ء سے پاکستان اور بھارت کے درمیان متنازعہ چلا آرہا ہے اور بھارت اقوام متحدہ میں کشمیری عوام کے حق خودارادیت کو تسلیم کرنے کے باوجود انہیں عملاً یہ حق دینے کے لیے تیار نہیں ہے اور بھارت کی اس ہٹ دھرمی کے خلاف کشمیری حریت پسندوں کی جدوجہد مسلسل جاری ہے۔ مسئلہ کشمیر کے ساتھ پاکستانی عوام کی جذباتی وابستگی اظہر من الشمس ہے جس کا متعدد مواقع پر پرجوش اظہار ہوتا رہتا ہے لیکن مسئلہ کشمیر کے تاریخی پس منظر اور اس نازک مسئلے کے بارے میں حقائق و واقعات سے واقفیت کا رجحان عام نہیں ہے جو ہماری ایک اجتماعی کمزوری ہے۔ جناب محمد شفیع خان نے اپنے اس مضمون کے ذریعے اس کمی کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ مسئلہ کشمیر کے بارے میں پائی جانے والی موجودہ بیداری کے ماحول میں اس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے۔